حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(i) سرسید احمد خان کا انتقال کس سن میں ہوا۔ (1718ء 1817ء 1898ء 1918ء)

(ii) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زرہ مبارک کتنے سیر جو میں رہن رکھی تھی (چار سیر پانچ سیر سات سیر تین سیر)

(iii) سبق "رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق" کس کی تصنیف ہے۔ (علامہ اقبال سرسید احمد خان سید سلیمان ندوی علامہ شبلی نعمانی)

(iv) سومناتھ کے حملے کے وقت سلطان محمود غزنوی نے پہلی منزل کہاں کی۔ (لاہور ملتان دہلی جے پور)

(v) نظم "وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا" کس کی تصنیف ہے۔ (علامہ اقبال خواجہ الطاف حسین حالی سید سلیمان ندوی مولوی نذیر احمد)

(vi) سومناتھ دیوتا کا قد کتنے گز تھا۔ (سات گز پانچ گز چھ گز دس گز)

(vii) نصاب میں شامل نظم "صحرا کی دعا" کس کی لکھی ہوئی ہے۔ (علامہ اقبال حفیظ جالندھری الطاف حسین حالی ناصر کاظمی)

(viii) شیخ فرید بکھری کی مشہور کتاب کا نام ہے۔ (جواب شکوہ ذخیرہ الخوانین جنت البقیع بال جبریل)

(ix) چینی زبان میں "جائی چن" کا مطلب ہے۔ (مزاج شریف اچھا پھر ملیں گے آپ کا شکریہ خدا حافظ)

(x) بادشاہ بہادر شاہ ظفر کی بیٹی کا نام کیا تھا؟ (نور محل بیگم کلثوم زمانی بیگم زینب زمانی بیگم)

(xi) ابن انشاء نے نصاب میں کیا تحریر کیا ہے۔ (سفرنامہ کلثوم زمانی بیگم زینب زمانی بیگم)

(xii) مسلم لیگ کی بنیاد کس سن میں ڈالی گئی۔ (1807ء 1857ء 1906ء 1916ء)

(xiii) ڈاکٹر غلام مصطفی خان کس سن میں پیدا ہوئے۔ (1910ء 1912ء 1914ء 1916ء)

(xiv) مسلمان اور ہندوؤں کی مشترکہ جماعت کا نام تھا۔ (مسلم لیگ کانگریس عوامی لیگ جنتا پارٹی)

(xv) کپتان ہملٹن کے مطابق اس وقت شہر ٹھٹھہ میں کتنے کالج تھے۔ (دو سو تین سو چار سو پانچ سو)

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے نو (9) سوالات کے مختصر جواب لکھیں ہر سوال کے چار نمبر ہیں۔

سوال ۲: قبیلہ مخزوم کی عورت کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فیصلہ دیا اور کیوں؟

سوال ۳: شاہ ولی اللہ کی تحریک کا مقصد کیا تھا؟

سوال ۴: زبیر کون تھا اور اس نے کیا جرم کیا تھا؟

سوال ۵: متضاد بنائیں۔ فتح فنا قلیل بلند

سوال ۶: محمود غزنوی نے پجاریوں کو کیا جواب دیا؟

سوال ۷: جملے بنائیں۔ ماشاءاللہ۔ الحمدللہ سبحان اللہ انشاءاللہ

سوال ۸: قدیم ٹھٹھہ کی درسگاہوں میں کون کون سے مضامین پڑھائے جاتے تھے۔

سوال ۹: کس بات نے گل خان کو متاثر کیا؟

سوال ۱۰: نعت کی تعریف لکھیں؟ مثال بھی تحریر کریں۔

سوال ۱۱: ہر لفظ کے دو دو لاحقے اور سابقے بنائیں۔ لا بے وار دان

سوال ۱۲: مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع اور واحد لکھئے۔ قارئین اطوار بیگم رئیس

سوال ۱۳: نظم "ہنس نامہ" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

حصہ "ج" (بیانیہ جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں تین (3) سوالات کے جواب مکمل وضاحت کے ساتھ تحریر کریں۔ ہر سوال کے آٹھ نمبر ہیں۔

سوال ۱۴: درج ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن لکھیں۔

تم سے پہلے کی قومیں اسی لئے برباد ہوگئیں جب کوئی بڑا آدمی جرم کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے اور جب معمولی آدمی جرم کرتا تو وہ سزا پاتا۔ خدا کی قسم! اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی فاطمہؓ بھی چوری کرتی تو اس کے بھی ہاتھ کاٹے جاتے۔

سوال ۱۵: درج ذیل اشعار کی تشریح لکھیں۔

(i) فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں! کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

(ii) قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے! دہر میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجالا کر دے

سوال ۱۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔

قرطبہ کا قاضی سچی ہمدردی

سوال ۱۷: جنگ سے پیدا ہونے والی تباہ کاریاں بیان کریں۔

سوال ۱۸: "اسلام کی برکتیں" اس عنوان سے ایک مضمون لکھئے۔ یا

اپنے دوست کو ایک خط لکھئے جس میں بتایئے کہ ہمیں نظریہ پاکستان کے تحفظ کے لئے کیا کرنا چاہیے۔